پاکستان سے باہر پاکستانیوں کا اخبار
Urdu News
ہفت روزہ
اردو نیوز
(ایڈیٹر: محسن ظہیر)
نیویارک (یو ایس اے)
Email
urdunewsusa@gmail.com
A weekly Pakistani Newspaper
www.urdunewsus.com
Ph: 917-287-1995
Issue #20 | June 04, 2026 to June 10, 2026 | جلد نمبر 09

الحمدللہ میں خیریت سے ہوں، گلوکارہ طاہرہ سید کی نیویارک سے وضاحت

نیویارک (اردو نیوز) پاکستان کی مشہور کلاسیکل گلوکارہ طاہرہ سید کی جانب سے نیویارک سے یکم جون کو اپنی خیریت اور سلامتی کی خصوصی وضاحت جاری کرنا پڑگئی۔ طاہرہ سید کو یہ وضاحت اس وقت جاری کرنا پڑگئی کہ جب انہیں معلوم ہوا کہ سوشل میڈیا پر ان کی وفات (بقیہ نمبر 03، صفحہ نمبر 6)

ٹرمپ انتظامیہ کا سیاسی پناہ کیسوں کی بعض درخواستیں انٹرویو کے بغیر مسترد کرنے کا منصوبہ

امیگریشن افسران کو اختیار حاصل ہوگا کہ اگر انہیں معلوم ہو کہ کسی شخص نے امریکہ آمد کے ایک سال بعد پناہ کی درخواست دائر کی ہے تو وہ انٹرویو کیے بغیر ہی درخواست مسترد کر سکیں گے

ہوم لینڈ سیکورٹی ڈیپارٹمنٹ کی مجوزہ پالیسی کا مقصد سیاسی پناہ کے نظام تک رسائی کو مزید محدود کرنا ہے، انتظامیہ کا مؤقف ہے کہ موجودہ نظام میں دھوکہ دہی اور غلط استعمال کے واقعات پائے جاتے ہیں

نیویارک (اردو نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی جانب سے امریکہ میں امیگریشن کے قواعد وضوابط کو سختی سے یقینی بنانے اور انہیں مزید سخت کرنے کا عمل جاری ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی بی ایس نیوز کی رپورٹ کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ ایک نئے ضابطے پر کام کر رہی ہے، جس کے تحت امریکی امیگریشن حکام بعض سیاسی پناہ (اسائلم) کی درخواستوں کو درخواست گزار کا انٹرویو کیے بغیر ہی مسترد کر سکیں گے۔ سی بی ایس نیوز کے مطابق وفاقی حکومت کی اہم دستاویزات کے مطابق ہوم لینڈ سیکورٹی ڈیپارٹمنٹ کی مجوزہ پالیسی کا مقصد امریکی پناہ کے نظام تک رسائی کو مزید محدود کرنا ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ کا مؤقف ہے کہ موجودہ نظام میں دھوکہ دہی اور غلط استعمال (بقیہ نمبر 01، صفحہ نمبر 6)

چاچا کرکٹ کا انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

صحت اور عمر کی وجہ سے اب انٹرنیشنل میچوں میں اپنی ٹیم کی حوصلہ افزائی کے لئے موجود نہیں ہوسکیں گے

لاہور (عثمان بن احمد) پاکستانی کرکٹ میچوں کی رونق اور شائقین کرکٹ میں ایک منفرد نام چاچا کرکٹ جو کہ سبز لباس میں سبز ہلالی پرچم کے ساتھ پاکستان کے بیشتر میچوں میں موجود ہوتے ہیں، نے انٹرنیشنل (بقیہ نمبر 02، صفحہ نمبر 6)

TB
Insurance MADE EASY!
Expert, Comprehensive Coverage for ALL. Boldly Protecting What Matters.
OUR SERVICES
General Liability
- Construction Insurance
- Builder's Risk
- Commercial Truck Insurance
- Food Truck Insurance
- Medical offices
- Pharmacy
- Law Firms
- Cyber Insurance
- Workers Compensation
- Disability Insurance
- Not for Profit Insurance
- Masjid Insurance
Personal Insurance
- Car Insurance
- Home Insurance
- Renters Insurance
- Pet Insurance
Professional Liability
- Attorney Malpractice
- Medical Malpractice
- Errors & Omissions
GET A QUOTE
KEVIN B SHAKIL
LICENSED INSURANCE BROKER
(917) 690-4067
Kevin@tbibrokerage.com
25 Melville Park Road Suite 84
Melville NY 11747
www.tbibrokerage.com

صدر ٹرمپ کا نیا ایگزیکٹو آرڈر
غیر قانونی امیگرنٹس پر امریکی بینکوں کے دروازے بند

''غیر قانونی امیگریشن اور مالی فراڈ'' کے خلاف ایک تاریخی مہم چلا رہی ہے، جس کا مقصد ایسے مالی ذرائع کو روکنا ہے جو انسانی اسمگلنگ، منشیات کی اسمگلنگ، غیر قانونی امیگریشن اور کارٹیلز کی سرگرمیوں میں استعمال ہوتے ہیں، صدر ٹرمپ

صدر ٹرمپ کے مطابق اس ایگزیکٹو آرڈر کے تحت محکمہ خزانہ یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ بینکوں، کریڈٹ کارڈ کمپنیوں اور دیگر مالیاتی اداروں کی نگرانی کرے تاکہ ایسے اکاؤنٹس کو روکا جا سکے جو مبینہ طور پر غیر قانونی سرگرمیوں میں استعمال ہو رہے ہوں

ایسے اکاؤنٹس جو غیر قانونی امیگریشن کو سہولت دیں یا غیر قانونی تارکین وطن کے مبینہ حکومتی فوائد کو محفوظ کریں، انہیں بند کیا جا سکتا ہے اور ان رقوم کو ضبط کر کے ٹیکس دہندگان کو واپس کرنے کا امکان بھی موجود ہوگا، صدر ڈونلڈ ٹرمپ

ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ غیر قانونی تارکین وطن بعض ریاستی ڈرائیور لائسنس یا سرحدی دستاویزات کے ذریعے مالی نظام تک رسائی حاصل کر لیتے ہیں، جو ''سنگین خطرہ'' ہے، انہوں نے اپنے بیان میں اس اقدام کو سرحدی پالیسی میں اہم تبدیلی قرار دیا

نیویارک، واشنگٹن (اردو نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غیر قانونی امیگریشن اور مجرمانہ سرگرمیوں سے منسلک مالی نیٹ ورکس کے خلاف سخت اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے ایک نیا ایگزیکٹو آرڈر جاری کیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹرتھ سوشل پر جاری بیان میں کہا کہ ان کی انتظامیہ ''غیر قانونی امیگریشن اور مالی فراڈ'' کے خلاف ایک تاریخی مہم چلا رہی ہے، جس کا مقصد ایسے مالی ذرائع کو روکنا ہے جو انسانی اسمگلنگ، منشیات کی اسمگلنگ، غیر قانونی امیگریشن اور کارٹیلز کی سرگرمیوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ صدر ٹرمپ کے مطابق اس ایگزیکٹو آرڈر کے تحت محکمہ خزانہ یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ بینکوں، کریڈٹ کارڈ کمپنیوں اور دیگر مالیاتی اداروں کی نگرانی کرے تاکہ ایسے اکاؤنٹس کو روکا جا سکے جو مبینہ طور پر غیر قانونی سرگرمیوں میں استعمال ہو رہے ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صرف وہی افراد امریکی مالی نظام تک رسائی رکھ سکیں (بقیہ نمبر 04، صفحہ نمبر 6)

نیویارک کے اٹارنی پر تین کلائنٹ سے 7 لاکھ ڈالر سے زائد ہتھیانے کا الزام

تین مؤکلوں سے 7 لاکھ ڈالر سے زائد رقم مبینہ طور پر چوری کرنے کے الزام میں فردِ جرم عائد کر دی گئی

تقریباً 701,600 ڈالر اپنے مؤکلوں کو ادا کرنے کے بجائے اپنے قبضے میں رکھ لیے

نیویارک (اردو نیوز) بروکلین ڈسٹرکٹ اٹارنی نے اعلان کیا ہے کہ مین ہیٹن کی ایک ریئل اسٹیٹ وکیل پر اپنے تین مؤکلوں سے 7 لاکھ ڈالر سے زائد رقم مبینہ طور پر چوری کرنے کے الزام میں فردِ جرم عائد کر دی گئی ہے۔ ڈسٹرکٹ اٹارنی ایرک گونزالیز کے مطابق 53 سالہ اپریل ہینڈ، جن کا قانونی دفتر مین ہیٹن میں (بقیہ نمبر 10، صفحہ نمبر 6)

اٹلانٹا ائیر پورٹ سے وزیٹر ویزے پر امریکہ آنے والا پاکستانی ڈیپورٹ

ڈیپورٹ کئے جانیوالے صابر کے موبائل فون سے ای میل کے ریکارڈ سے حکام کو معلوم ہوا کہ وہ اپنے پہلے دورہ امریکہ کے دوران جاب بھی کرتا رہا

نیویارک (محسن ظہیر سے) امریکی ریاست جارجیا کے اٹلانٹا ائیر پورٹ پر یو ایس امیگریشن حکام نے پاکستان سے وزیٹر ویزے پر آنے والے ایک پاکستانی کو ائیر پورٹ پر تحویل میں لیا اور پاکستان ڈیپورٹ کر دیا۔ وزیٹر ویزہ جو کہ بالکل صحیح تھا اور اس کی معیاد بھی قائم تھی، کے باوجود پاکستانی کو ڈیپورٹ کر دیا گیا۔ ڈیپورٹ کئے جانیوالا پاکستانی پہلے بھی امریکہ وزٹ کر چکا تھا۔ اہم ذرائع سے حاصل کردہ تفصیلات کے مطابق ٹرکش ائیر لائینز سے اٹلانٹا پہنچنے والے صابر نامی پاکستانی کو ائیر پورٹ پر امیگریشن حکام نے امیگریشن پراسیسنگ کے دوران سیکنڈری انسپکشن کے لئے منتخب کیا اور سیکنڈری انسپکشن کے دوران انہیں امریکہ میں داخلے (بقیہ نمبر 11، صفحہ نمبر 6)

FIFA WORLD CUP 2026 Trophy Tour

میئر ظہران ممدانی نے فیفا ورلڈ کپ کے موقع پر پروموشنل ویڈیو جاری کر دی

میں نیویارک سٹی میں بڑا ہوا ہوں جہاں ورلڈ کپ اپنے ہمسایوں کے ساتھ دیکھتا تھا جن کی جڑیں دنیا کے ہر خطے سے جڑی تھیں، میئر

نیویارک (محسن ظہیر سے) نیویارک سٹی کے میئر ظہران ممدانی کی جانب سے فیفا ورلڈ کپ (FIFA World Cup) کے موقع پر ایک خصوصی پروموشنل ویڈیو جاری کر دی گئی ہے جس میں نیویارک سٹی کی عالمی فٹبال میں اہم اور عالمی حیثیت کو خاص طور پر اجاگر کیا گیا ہے۔ یہ ویڈیو شہر کو ''ورلڈ کپ 2026'' کے مرکزی مراکز میں سے ایک کے طور پر پیش کرتی ہے اور نیویارک کی متنوع فٹبال کمیونٹی، نوجوان کھلاڑیوں اور پروفیشنل لیول پر کھیلنے والی خواتین و مرد کھلاڑیوں کو نمایاں کرتی ہے۔ فیفا ورلڈ کپ کے حوالے سے یہ ویڈیو میں امریکی مینز نیشنل ٹیم کے اسٹار کھلاڑی ٹیم ویاہ، جبکہ گوتھم ایف سی جی کی کھلاڑیوں میں مج پرسی سمیت دیگر کھلاڑی شامل ہیں۔ (بقیہ نمبر 05، صفحہ نمبر 6)

فیفا ورلڈ کپ امریکہ عالمی ایونٹ کا سب سے بڑا میزبان، تیاریاں مکمل

نیویارک، نیوجرسی، لاس اینجلس، ہیوسٹن، میامی، سیاٹل، اٹلانٹا، ڈیلاس، بوسٹن، فلاڈیلفیا، کنساس سٹی اور سان فرانسسکو بے ایریا میں میچز ہوں گے

واشنگٹن (اردو نیوز) امریکہ، میکسیکو اور کینیڈا کے اشتراک سے چند دنوں کے بعد منعقد ہونے والے فیفا ورلڈ کپ 2026 کا آغاز ہونے جا رہا ہے، جسے تاریخ کا سب سے بڑا فٹبال ٹورنامنٹ قرار دیا جا رہا ہے۔ پہلی بار ورلڈ کپ میں 48 ٹیمیں شرکت کریں گی اور مجموعی طور پر 104 میچز کھیلے جائیں گے۔ امریکہ اس عالمی ایونٹ کا سب سے بڑا میزبان ملک ہوگا، جہاں نیویارک، نیوجرسی، لاس اینجلس، ہیوسٹن، میامی، سیاٹل، اٹلانٹا، ڈیلاس، بوسٹن، فلاڈیلفیا، کنساس سٹی اور سان فرانسسکو بے ایریا سمیت 11 شہروں میں میچز منعقد ہوں گے، جبکہ فائنل مقابلہ نیویارک، نیوجرسی کے میٹ لائف اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ فیفا حکام، میزبان ممالک کے حکام کا کہنا ہے کہ (بقیہ نمبر 12، صفحہ نمبر 6)

نیویارک میں جرائم کی شرح میں تاریخی کمی
نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ کا اعلان

موسم گرما کے دوران جرائم میں مزید کمی کیلئے ''وائلنس ریڈکشن زونز'' اور نوجوانوں کے تحفظ کے پروگرام جاری رکھے جائیں گے، پولیس کمشنر

نیویارک (اردو نیوز) نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ (NYPD) نے اعلان کیا ہے کہ 2026 کے پہلے پانچ ماہ کے دوران شہر میں قتل، فائرنگ کے واقعات اور فائرنگ سے متاثرہ افراد کی تعداد ریکارڈ تاریخ کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ پولیس کمشنر جیسیکا ٹِش کے مطابق یہ نتائج جدید اور ڈیٹا پر مبنی پولیسنگ حکمت عملی (بقیہ نمبر 06، صفحہ نمبر 6)

بوسٹن میں ویزا فراڈ کیس میں 10 بھارتی شہری فردِ جرم میں نامزد

جعلی مسلح ڈکیتیوں کے ذریعے ملازمین کو ویزا درخواستوں میں ''جرم کا شکار'' ظاہر کرنے کی اسکیم تیار کی

بوسٹن (اردو نیوز) امریکی ریاست میسا چیوسٹ کے شہر بوسٹن میں ایک وفاقی گرینڈ جیوری نے 10 بھارتی شہریوں پر ویزا فراڈ کی سازش کے الزام میں فردِ جرم عائد کر دی ہے۔ ان افراد پر الزام ہے کہ انہوں نے جعلی مسلح ڈکیتیوں کا ڈرامہ رچا کر اسٹور ملازمین کو ویزا درخواستوں میں ''جرم کا شکار'' ظاہر کرنے کی اسکیم تیار کی۔ (بقیہ نمبر 08، صفحہ نمبر 6)

امریکہ میں غیر قانونی اور جرائم میں ملوث تارکین وطن کے خلاف کریک ڈاؤن، متعدد بھارتی شہری گرفتار

یو ایس امیگریشن حکام کی سخت کارروائی: سنگین جرائم میں ملوث بھارتی باشندے حراست میں لے لیے گئے، ڈیپورٹیشن کا امکان

نیویارک (اردو نیوز) یو ایس امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ اور ڈیپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سیکورٹی سمیت دیگر وفاقی اداروں کی جانب سے امریکہ میں موجود ایسے امیگرنٹس جو کہ غیر قانونی طور پر موجود ہیں یا جرائم میں ملوث پائے گئے ہیں، کی گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے۔ یو ایس امیگریشن حکام کی جانب سے حالیہ عرصے میں انڈیا سے تعلق رکھنے والے امیگرنٹس کی گرفتاریوں اور ممکنہ ڈیپورٹیشن کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ حکام کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق گرفتار ہونے (بقیہ نمبر 13، صفحہ نمبر 6)

چوہدری الیاس کا انتقال، نیویارک کی پاکستانی کمیونٹی سوگوار!

چوہدری محمد الیاس کی نماز جنازہ میں کمیونٹی کی اہم شخصیات سمیت سینکڑوں ارکان شریک

نیویارک (اردو نیوز) پاکستانی امریکن کمیونٹی نیویارک کی ممتاز سماجی و کاروباری شخصیت چوہدری محمد الیاس مرحوم جو کہ یکم جون کو لانگ آئی لینڈ میں واقع اپنی رہائشگاہ پر انتقال کر گئے تھے، کی نماز جنازہ بروز منگل 2 جون، بوقت ساڑھے 12 بجے، مسجد نور ہننگٹن میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں کمیونٹی کی اہم (بقیہ نمبر 07، صفحہ نمبر 6)



گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والی پاکستانی خاتون شکاگو میں لاپتہ

پاکستانی خاتون شفیعہ مراد اوورا میں لاپتہ، پولیس کو تلاش جاری، پولیس کی عوام سے مدد کی اپیل

شکاگو (اردو نیوز) امریکہ کی ریاست الینوائے کے شہر اوورا میں گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والی 32 سالہ پاکستانی خاتون شفیعہ مراد گذشتہ چند روز سے لاپتہ ہیں، جس پر اہل خانہ اور مقامی پاکستانی کمیونٹی میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ گلگت بلتستان کمیونٹی کی نمائندہ اور سونی وطن تنظیم گلگت بلتستان یو ایس اے کے نسیم گلگتی (بقیہ نمبر 09، صفحہ نمبر 6)

اوشیانا فارمیسی
برائٹن بیچ کے علاقے میں آپ کی اپنی فارمیسی
Oceana PHARMACY
YOUR HEALTH MATTERS TO US
FREE NOTARY PUBLIC | FREE FAX/PRINT SCAN | WE ACCEPT OTC CARD | WE ACCEPT EBT CARD | PASSPORT PHOTO | MONEY ORDERS
- فری میڈیکیشن ڈیلیوری
- فری میڈیکیشن آرگنائزر
- فری فیکس / سکین / پرنٹ
- فری شوگر ٹیسٹ
- فری کنسلٹیشن
- فری نوٹری پبلک
- فری بلڈ پریشر چیک اپ
- میڈیکل سپلائی اور Diabetic Shoes
- حلال وٹامنز
TEL: 347-868-6394 ~ FAX: 866-905-8873
WE ACCEPT ALL MAJOR INSURANCE
MEDICARE & MEDICAID PATIENTS
www.oceanapharmacy.com ● hello@oceanapharmacy.com
3211 CONEY ISLAND AVE, BROOKLYN, NY 11235

TAXPRO
Tax & Accounting Services
IRS e-file PROVIDER
ٹیکس پرو
ٹیکس کی تیاری، اکاؤنٹنگ اور بک کیپنگ کے تسلی بخش کام کیلئے رابطہ کریں
☑ Experienced
☑ Professional
☑ Certified
15 Years of Experince - Free Consultation
معیار | تجربہ | اعتماد
☑ PERSONAL & BUSINESS TAXES
☑ PAY ROLL & SALES TAXES
☑ Business Formation
☑ BOOKKEEPING
Email: taxpro242@gmail.com
Ashar Sheikh
32-75 STEINWAY ST.SUITE 214, ASTORIA,NY 11103
646 996 8063 929 240 5034

Nasheman Grill & Restaurant
نشیمن گرل اینڈ ریسٹورنٹ
ہوری فالودہ
خوبصورت اور بالکل نیا بنا پارٹی ہال
ہم کیٹرنگ بھی کرتے ہیں
پاکستانی، انڈین بنگالی کھانے
تمام فنکشن کیلئے پارٹی ہال موجود ہے
We serve only Halal Meat
3149 CONEY ISLAND AVE., 718-332-8100
BRIGHTON BEACH, BROOKLYN, NEW YORK

BEST AMERICAN HOMES
Real Estate Investment Group
Specialized in Bank Owned Properties
رئیل اسٹیٹ بزنس میں محسن شاہ کامیابی کی طرف گامزن
- Buying
- Selling
- Investment
- Foreclosure
- Estate Sale
- Short Sale
- REO
- Bank Owned
بینک پراپرٹیز کی خرید و فروخت سرمایہ کاری، فارکلوژر اسٹیٹ سیل، شارٹ سیل میں نمایاں خدمات
MOHSIN H. SHAH
Licensed Real Estate Broker
917-254-1100

MARHABA PHARMACY
WE ACCEPT ALL MAJOR INSURANCES
مرحبا فارمیسی
ادویات کی گھر پر فری ڈیلیوری
ہم تمام میجر ہیلتھ انشورنس قبول کرتے ہیں
مرحبا فارمیسی۔۔ایک با اعتماد فارمیسی
ادویات کے ساتھ ساتھ حلال وٹامنز
PHARMACY
OTC CARD ACCEPTED | FSA CARD ACCEPTED
2029 BATH AVE. BROOKLYN NY 11214
PH 7188725600 FAX 9293339308

AL-RAYAAN Muslim Funeral Services
718-708-7925 1093 CONEY ISLAND AVE.NEXT TO MAKKI MASJID
مسلم فیونرل سروسز
قابل اعتماد اور شریعت کے عین مطابق
ساتوں دن 24 گھنٹے خدمات
■ Religious Washing ■ Janaza Prayer Arrangement
■ Help in Consulate Papers. ■ Shipping Services.
■ Transportation to Cemetery. ■ & Airports Services
Mobile: 347-259-0055 alrayaanmuslimfuneralservices@gmail.com

THREE STARS GROCERY & HALAL MEAT STORE
تھری سٹار گروسری اینڈ حلال میٹ
برائٹن بیچ بروکلین پر معیاری و خالص گروسری اور حلال میٹ کا سٹور
ہماری گروسری معیاری اور قیمتیں سب سے مناسب
PH: 718-872-5995
3078 CONEY ISLAND AVENUE.BROOKLYN

Shazia Pharmacy
برائٹن بیچ کے علاقے میں آپ کی اپنی فارمیسی
- Prescription Drugs
- Free Consultation
- Quick and easy Delivery
- Service All Vitamins
- Halal Vitamins Available
- Surgical Supplies Beauty Needs
- We Accept All Major Insurance
فری ڈیلیوری
Tel: 718-872-6090
Fax: 718-872-6575
3166 Coney Island Avenue, Brooklyn,NY 11235
Email: shaziapharmacy@gmail.com

CARPET CITY
کارپٹ سٹی
نیویارک ٹرائی سٹیٹ ایریا میں کارپٹ، وڈ فلور اور ایریا رگز کیلئے آج ہی کارپٹ سٹی سے رابطہ کریں
WOOD FLOORS | RUGS | CARPETS
We serve Tri-State areas of NY, PA, and Connecticut and all the cities in these states.
We also service major counties in New York, such as Queens, Manhattan, Bronx, Long Island and Staten Island
FREE SHOP AT HOME
Ph: 718-267-7000, NJ: 732-388-8500
54-05 Northern Blvd, Woodside, NY 11377
(Between 54 and 55 street)
(on Northern Blvd, Queens)
email: carpetcity@yahoo.com

پاکستان سے باہر پاکستانیوں کا اخبار
اردو نیوز
Urdu News USA

لانگ آئی لینڈ میں Food Street کا شاندار افتتاح

امریکی ریاستوں اوہائیو اور نیوجرسی کے بعد لانگ آئی لینڈ، نیویارک کے علاقے ہیکس ول میں ’’فوڈ سٹریٹ‘‘ کا شاندار افتتاح، ناسا کاؤنٹی حکام سمیت کمیونٹی کی اہم شخصیات کی بڑی تعداد میں شرکت

عمران خان کے قدر آور پوسٹر کے انٹیریئر ڈیزائن اور منفرز کھانوں کی وجہ سے تیزی سے مقبول ہونے والی فوڈ سٹریٹ، کا افتتاح شکیب چوہدری، ذیشان شعیب، حسنین علی نے اہم شخصیات کے ساتھ مل کر کیا

اس موقع پر فوڈ سٹریٹ فرنچائز کے عشرت الیاس، قمر عباس اور معیز خان کے علاوہ ناسا کاؤنٹی ایگزیکٹو کے سینئر ایڈوائزر چوہدری اکرم، ڈپٹی کاؤنٹی ایگزیکٹو، لیجسلیٹر، کمیونٹی قائدین بڑی تعداد میں موجود تھے

سید تصور الحسن شاہ گیلانی نے اللہ تعالیٰ کے پاک کلام اور دعا سے فوڈ سٹریٹ لانگ آئی لینڈ کا افتتاح کیا، ریسٹورنٹ انتظامیہ کے ارکان نے شرکاء کے ساتھ مل کر فیتہ کاٹا اور فوڈ سٹریٹ کی گرینڈ اوپننگ کی

لانگ آئی لینڈ میں فوڈ سٹریٹ کے قیام سے نیویارک میں فوڈ سٹریٹ کی کمی پوری ہوگئی ہے، ہیکس ول کے بعد بروکلین میں بھی جلد فوڈ سٹریٹ کا افتتاح کرینگے، شکیب چوہدری، ذیشان شعیب اور حسنین

چوہدری اکرم، محسن شاہ سمیت ناسا کاؤنٹی حکام کی جانب سے فوڈ سٹریٹ کی انتظامیہ کو بزنس کی گرینڈ اوپننگ پر مبارکباد، فوڈ سٹریٹ کو ناسا کاؤنٹی میں ایک خوش آئند فرنچائز اور اضافہ قرار دیا







نیویارک (اردو نیوز) امریکی ریاستوں اوہائیو اور نیوجرسی کے بعد لانگ آئی لینڈ، نیویارک کے علاقے ہیکس ول میں ’’فوڈ سٹریٹ‘‘ کا شاندار افتتاح ہوگیا ہے۔ سونی سنٹر، ہیکس ول میں ’’فوڈ سٹریٹ‘‘ جو کہ عمران خان کے قدر آور پوسٹر کے انٹیریئر ڈیزائن اور اپنے منفرز کھانوں کی وجہ سے تیزی سے مقبول ہونے والی فرنچائز ہے، کا افتتاح شکیب چوہدری، ذیشان شعیب اور حسنین علی نے اہم شخصیات کے ساتھ مل کر کیا۔ اس موقع پر فوڈ سٹریٹ فرنچائز کے عشرت الیاس، قمر عباس اور معیز خان کے علاوہ ناسا کاؤنٹی ایگزیکٹو کے سینئر ایڈوائزر چوہدری اکرم، ناسا کاؤنٹی کے ڈپٹی کاؤنٹی ایگزیکٹو، لیجسلیٹر، کمیونٹی قائدین اٹارنی شہریار علی، محسن شاہ اور عون نقوی سمیت کمیونٹی ارکان بڑی تعداد میں موجود تھے۔

معروف اسلامک سکالر سید تصور الحسن شاہ گیلانی نے اللہ تعالیٰ کے پاک کلام اور خصوصی دعا سے ’’فوڈ سٹریٹ لانگ آئی لینڈ‘‘ کا افتتاح کیا جس کے بعد ریسٹورنٹ انتظامیہ کے ارکان نے تقریب میں موجود اہم شخصیات اور شرکاء کے ساتھ ملک فیتہ کاٹا اور فوڈ سٹریٹ کی گرینڈ اوپننگ کی۔ اس موقع پر تقریب بوٹے ڈھول والے کے ڈھول کی تھاپ سے گونج اٹھی۔ تقریب کے شرکاء نے فوڈ سٹریٹ کے اندرونی ماحول کو خوبصورت اور دلکش قرار دیا اور چکن تکہ پراٹھا رول، گارلک پراٹھا رول، انڈہ والا برگر اور آلو تکہ برگر سمیت فوڈ آئٹمز کو نہایت ہی لذیز اور اپنی مثال آپ قرار دیا۔

شکیب چوہدری، ذیشان شعیب اور حسنین علی کا کہنا تھا کہ لانگ آئی لینڈ میں فوڈ سٹریٹ کے قیام سے نیویارک میں فوڈ سٹریٹ کی کمی پوری ہوگئی ہے، ہیکس ول کے بعد بروکلین میں بھی جلد فوڈ سٹریٹ کا افتتاح کرینگے۔

چوہدری اکرم، محسن شاہ سمیت ناسا کاؤنٹی حکام کی جانب سے بھی فوڈ سٹریٹ کی انتظامیہ کو بزنس کی گرینڈ اوپننگ پر مبارکباد دی گئی اور اسے ناسا کاؤنٹی میں امریکہ کی تیزی سے مقبول ہونے والی فرنچائز کا اضافہ قرار دیا گیا۔

امریکی ریاستوں اوہائیو، نیوجرسی اور نیویارک میں قائم ہونے والے چار ریسٹورنٹس کے بعد فوڈ سٹریٹ کی پانچ مزید فرنچائزوں بھی جلد کھلنے جا رہی ہیں۔

آپ کو اپنی زبان میں
ووٹ کرنے کا
حق حاصل ہے

20، 21 اور 23 جون
کمیشن برائے شہری مشغولیت کے درج ذیل زبان میں مترجمین موجود ہوں گے:

البانیائی فرانسیسی کوریائی اردو
عربی یونانی مینڈارن یدیش
بنگالی ہیٹی کریول پولش
کینٹونیز اطالوی روسی

پول سائٹس پر منتخب کرنے کے لیے!

مزید معلومات کے لیے
on.nyc.gov/vlaUR

CEC NYC Civic Engagement Commission | VOTER LANGUAGE ASSISTANCE

23 جون:
الیکشن کا دن

21-13 جون:
قبل از
وقت ووٹنگ

آپ کو اپنی زبان میں
ووٹ کرنے کا
حق حاصل ہے

آپ ووٹنگ بوتھ پر کسی مترجم کو ساتھ لا سکتے ہیں

✓ وہ آپ کا دوست، خاندان کا فرد یا پول ورکر ہو سکتا ہے

✗ وہ آپ کا آجر یا یونین کا نمائندہ نہیں ہو سکتا

مزید معلومات کے لیے
on.nyc.gov/vlaUR

CEC NYC Civic Engagement Commission | VOTER LANGUAGE ASSISTANCE

23 جون:
الیکشن کا دن

21-13 جون:
قبل از
وقت ووٹنگ

پاکستان سے باہر پاکستانیوں کا اخبار

اردو نیوز

Urdu News USA

بقیہ نمبر01 صفحہ نمبر6

کے واقعات پائے جاتے ہیں۔

مجوزہ ضابطے کے تحت یو ایس سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن سروسز کے افسران کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ اگر انہیں معلوم ہو کہ کسی شخص نے امریکہ آمد کے ایک سال بعد پناہ کی درخواست دائر کی ہے تو وہ انٹرویو کیے بغیر ہی درخواست مسترد کر سکتے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق مسترد ہونے والے درخواست گزاروں کو بعد ازاں امیگریشن عدالت میں ڈیپورٹیشن کی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا، جہاں انہیں امریکہ میں رہنے کے حق کے لیے قانونی جنگ لڑنا ہوگی۔

امریکی امیگریشن قانون کے مطابق عام طور پر غیر ملکی شہریوں کو امریکہ میں داخلے کے ایک سال کے اندر پناہ کی درخواست دینا ہوتی ہے۔ تاہم اس قانون میں بعض استثنیٰ بھی موجود ہیں، جن میں سنگین طبی مسائل، ناکافی قانونی نمائندگی اور دیگر مخصوص حالات شامل ہیں۔ اسی طرح والدین یا سرپرست کے بغیر آنے والے نابالغ بچوں پر ایک سال کی یہ پابندی لاگو نہیں ہوتی۔

داخلی دستاویزات کے مطابق اگر USCIS افسران یہ نتیجہ اخذ کریں کہ درخواست گزار ان استثنیٰ کی شرائط پوری کرتا ہے تو اس کی درخواست پر کارروائی جاری رکھی جائے گی اور انٹرویو مقرر کیا جاسکے گا۔

ماہرین کے مطابق اگر یہ ضابطہ نافذ ہو جاتا ہے تو یہ یو ایس سٹیزن شپ اینڈ امیگریشن سروسز کی اس دیرینہ پالیسی میں بڑی تبدیلی ہوگی جس کے تحت تقریباً تمام پناہ کے درخواست گزاروں کا انٹرویو کیا جاتا تھا۔ نئی پالیسی سے ایسے کیسز کو تیزی سے مسترد کرنے کی راہ ہموار ہوگی جن کے ریکارڈ سے ظاہر ہو کہ درخواست مقررہ ایک سالہ مدت کے اندر دائر نہیں کی گئی۔

بقیہ نمبر02 صفحہ نمبر6

کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ صحت اور عمر کی وجہ سے اب انٹرنیشنل میچوں میں اپنی ٹیم کی حوصلہ افزائی کے لئے موجود نہیں ہو سکیں گے تاہم لوکل میچوں میں جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دنیائے کرکٹ نے جو محبت اور پیار دیا ہے، وہ میری زندگی کا اثاثہ ہے۔

بقیہ نمبر03 صفحہ نمبر6

کی خبریں زیر گردش ہیں اور تیزی سے پھیل رہی ہیں۔ ان بے بنیاد افواہوں کی وجہ سے ان کے مداحوں کے علاوہ عزیز و اقارب بھی بڑی تعداد میں پریشان ہو گئے۔

طاہرہ سید کو جب صورتحال کا علم ہوا تو انہوں نے ویڈیو بیان کے ذریعے خصوصی وضاحت جاری کی جس میں انہوں نے واضح کیا کہ وہ نیویارک میں موجود ہیں اور خیر و خیریت سے ہیں اور ان سے متعلق خبریں اور زیر گردش افواہیں، بالکل غلط ہیں۔ طاہرہ سید کے ویڈیو بیان کے بعد ان کے حوالے سے زیر گردش افواہوں کا سلسلہ تھمنا شروع ہوا اور صحیح صورتحال لوگوں کے سامنے آئیں۔

پاکستان میں موجود سی این این کی نمائندہ صوفیہ سیفی کی جانب سے ایکس پر طاہرہ سید کی فیملی کی جانب سے جاری کردہ ایک نوٹ بھی شئیر کیا گیا کہ جس میں واضح کیا گیا کہ وہ (طاہرہ سید) خیریت سے ہیں۔ دریں اثناء پاکستان کے معروف صحافی عامر متین نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنی پوسٹ میں لکھا کہ طاہرہ سید کی وفات کے حوالے سے بے بنیاد افواہیں پھیلانے والے کے خلاف سائبر کرائم حکام کو کارروائی کرنی چاہئیے اور حراست میں لینا چاہئیے۔

بقیہ نمبر04 صفحہ نمبر6

گے جو قانونی طور پر ملک میں موجود ہوں اور جائز کاروبار سے وابستہ ہوں۔ ان کے مطابق ایسے اکاؤنٹس جو غیر قانونی امیگریشن کو سہولت دیں یا غیر قانونی تارکین وطن کے مبینہ حکومتی فوائد کو محفوظ کریں، انہیں بند کیا جا سکتا ہے اور ان رقوم کو ضبط کر کے ٹیکس دہندگان کو واپس کرنے کا امکان بھی موجود ہوگا۔

ٹرمپ نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ غیر قانونی تارکین وطن بعض ریاستی ڈرائیور لائسنس یا سرحدی دستاویزات کے ذریعے مالی نظام تک رسائی حاصل کر لیتے ہیں، جو ان کے بقول ’’سنگین خطرہ‘‘ ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں اس اقدام کو سرحدی پالیسی میں سختی اور سابقہ امیگریشن پالیسیوں کے برعکس ایک اہم تبدیلی قرار دیا، اور کہا کہ یہ قدم غیر قانونی امیگریشن اور مجرمانہ نیٹ ورکس کے خلاف ان کی مہم کو مزید مضبوط بنائے گا۔

بقیہ نمبر05 صفحہ نمبر6

اس کے علاوہ برونکس سے تعلق رکھنے والے موراڈ فرید بھی ویڈیو کا حصہ ہیں، جو فلسطینی قومی ٹیم کی ورلڈ کپ کوالیفکیشن مہم سے وابستہ رہ چکے ہیں۔

یہ ویڈیو نیویارک کے مختلف تاریخی مقامات پر فلمائی گئی ہے جن میں امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری بھی شامل ہے۔ مناظر میں برونکس کے اسکول گراؤنڈز، خواتین فٹبالرز کی نمائندگی، اور تارکینِ وطن کمیونٹیز کی فٹبال سے وابستگی کو نمایاں کیا گیا ہے۔

میئر ظہران ممدانی کا اپنے ویڈیو پیغام میں کہنا ہے: ’’میں اسی شہر میں بڑا ہوا ہوں جہاں ورلڈ کپ اپنے ہمسایوں کے ساتھ دیکھتا تھا جن کی جڑیں دنیا کے ہر خطے سے جڑی تھیں۔ یہی نیویارک کی خوبصورتی ہے کہ پوری دنیا پہلے ہی یہاں موجود ہے۔ اس موسمِ گرما میں ہم یہ خوشی پوری دنیا کے ساتھ بانٹیں گے۔‘‘ انہوں نے مزید کہا کہ اپنے ابتدائی دورِ حکومت میں انہوں نے فٹبال سے متعلق مختلف پروگرامز اور کمیونٹی ایونٹس کو فروغ دیا ہے تاکہ نوجوانوں کو کھیل کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ 2026 کا فیفا ورلڈ کپفیفا ورلڈ کپ 2026 کا، نیویارک ایک اہم میزبان شہر ہوگا، جہاں میچز میٹ لائف اسٹیڈیم سمیت مختلف مقامات پر منعقد کیے جائیں گے جبکہ شہر بھر میں فین پروگرامز کا بھی انعقاد ہوگا۔

بقیہ نمبر06 صفحہ نمبر6

کا ثمر ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق سال کے آغاز سے اب تک قتل کے واقعات میں 20.9 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، جبکہ مجموعی تعداد 129 سے کم ہو کر 102 رہ گئی، جو کسی بھی سال کے پہلے پانچ ماہ کے دوران سب سے کم تعداد ہے۔ اسی عرصے میں فائرنگ کے واقعات 5.7 فیصد کم ہو کر 247 اور فائرنگ سے متاثرہ افراد کی تعداد 1.7 فیصد کم ہو کر 289 رہ گئی۔

مئی 2026 بھی جرائم کے حوالے سے تاریخی مہینہ ثابت ہوا۔ اس ماہ فائرنگ کے صرف 51 واقعات رپورٹ ہوئے، جو گزشتہ ریکارڈ سے بھی کم ہیں، جبکہ فائرنگ سے متاثرہ افراد کی تعداد 58 رہی۔

نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ کے مطابق مئی میں شہر بھر میں بڑے جرائم کی شرح میں 10.6 فیصد کمی آئی، جبکہ سال کے پہلے پانچ ماہ کے دوران مجموعی بڑے جرائم میں 6.2 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ ڈکیتی، چوری، گاڑیوں کی چوری اور دیگر سنگین جرائم میں بھی نمایاں کمی دیکھی گئی۔

پبلک ہاؤسنگ (سرکاری رہائشی منصوبوں) میں بھی جرائم کی شرح ریکارڈ حد تک کم ہوئی۔ قتل، فائرنگ، ڈکیتی اور دیگر سنگین جرائم گزشتہ برسوں کے مقابلے میں نمایاں حد تک کم ہوئے، جسے این وائی پی ڈی نے ’’محفوظ ترین آغازِ سال‘‘ قرار دیا ہے۔

پولیس کمشنر جیسیکا ٹش نے کہا کہ این وائی پی ڈی کی ’’پریسیژن پولیسنگ‘‘ حکمت عملی، غیر قانونی اسلحہ کے خلاف کارروائیاں، گینگ نیٹ ورکس کا خاتمہ اور ضرورت کے مطابق افسران کی تعیناتی شہر کو مزید محفوظ بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ ان کے مطابق رواں سال اب تک تقریباً دو ہزار غیر قانونی اسلحہ قبضے میں لیا جا چکا ہے اور گینگ سے متعلق 20 بڑی کارروائیاں انجام دی گئی ہیں۔ شہر کے سب وے نظام میں بھی جرائم میں کمی دیکھی گئی۔ مئی کے دوران سب وے میں فائرنگ کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا، جبکہ مجموعی بڑے جرائم میں 6.5 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔

دوسری جانب نفرت پر مبنی جرائم کے واقعات میں اضافہ دیکھا گیا۔ مئی 2026 کے دوران 68 واقعات کو نفرت انگیز جرائم قرار دیا گیا، جن میں سے 60 فیصد سے زائد واقعات یہودی مخالف نوعیت کے تھے۔

این وائی پی ڈی کا کہنا ہے کہ موسم گرما کے دوران جرائم میں مزید کمی کے لیے خصوصی ’’وائلنس ریڈکشن زونز‘‘ اور نوجوانوں کے تحفظ کے پروگرام جاری رکھے جائیں گے تاکہ نیویارک شہر کو مزید محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر07 صفحہ نمبر6

شخصیات اور ارکان بڑی تعداد میں شریک ہوئے اور اس موقع پر ہر آنکھ اشکبار تھی اور چار سے زائد دہائیوں تک کمیونٹی کی بے لوث خدمت کرنے والے چوہدری محمد الیاس مرحوم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

نماز جنازہ کے بعد چوہدری محمد الیاس مرحوم کو لانگ آئی لینڈ کے قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔ دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت اور درجات بلند فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائیں۔

واضح رہے کہ چوہدری محمد الیاس مرحوم گزشتہ کچھ عرصے سے شدید علیل تھے اور یکم جون کو وہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ ان کے پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ دو بیٹے چوہدری ظہیر الیاس اور چوہدری وسیم الیاس اور دو بیٹیاں شامل ہیں۔ چوہدری الیاس کی وفات پر پاکستانی امریکن کمیونٹی اور ان کے دوست احباب کی جانب سے گہرے دکھ اور غم کا اظہار کیا گیا اور کہا گیا کہ چوہدری الیاس کی وفات سے کمیونٹی اپنے ایک محسن سے محروم ہو گئی ہے۔ دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ سے اعلیٰ مقام نصیب فرمائیں، ان کے درجات بلند فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائیں۔

پاکستان کے ضلع ساہیوال سے تعلق رکھنے والے چوہدری الیاس، 70 کی دہائی میں امریکہ آئے اور نیویارک کا کونی آئی لینڈ ایونیو جو کہ آج پاکستانی امریکن کمیونٹی کا سب سے بڑا گڑھ قرار دیا جاتا ہے، میں آ کر آباد ہوئے۔ چوہدری محمد الیاس نے بروکلین میں پاکستانی کمیونٹی کی سے بڑی مکی مسجد کی تعمیر، یوم پاکستان کے موقع پر بروکلین میلے کے علاوہ پاکستانی امریکن کمیونٹی کی اہم معاملات میں مدد میں کلیدی کردار ادا کیا۔

پاکستانی امریکن کمیونٹی کے سینئر صحافی، روزنامہ جنگ اور جیو کے بیورو چیف عظیم ایم میاں کے مطابق ،چوہدری محمد الیاس کا شمار، پاکستانی امریکن کمیونٹی کے انتہائی مخلص قائدین ہوتا ہے جنہوں نے کمیونٹی کی خدمت کے لئے روز اول سے اپنا بے لوث کردار ادا کیا جسے ہمیشہ یاد رکھا جائیگا۔

بقیہ نمبر08 صفحہ نمبر6

یہ کیس پہلے مارچ 2026 میں ابتدائی فوجداری شکایت کے تحت سامنے آیا تھا، جبکہ اب باقاعدہ فردِ جرم عائد کر دی گئی ہے۔ فردِ جرم میں جن 10 افراد کو نامزد کیا گیا ہے ان میں جتندر کمار پٹیل، مہیشکمار پٹیل، سنجیکمار پٹیل، دیپیکا بین پٹیل (جو بعد میں بھارت ڈی پورٹ ہو چکی ہیں)، رمیشبھائی پٹیل، ایتا بہن پٹیل، رونلکمار پٹیل، سنگیتا بین پٹیل، منکیش پٹیل اور سونل پٹیل شامل ہیں۔ یہ تمام افراد مختلف امریکی ریاستوں میں غیر قانونی یا غیر مجاز حیثیت میں مقیم تھے۔

عدالتی دستاویزات کے مطابق ملزمان ایک منظم اسکیم کے تحت کم از کم چھ اسٹورز اور ریسٹورنٹس میں جعلی مسلح ڈکیتیوں کا ڈرامہ رچاتے تھے، جن میں ماساچوسٹس سمیت دیگر ریاستیں شامل ہیں۔ اس منصوبے کا مقصد یہ تھا کہ اسٹور ملازمین خود کو ویزا درخواست (یو ویزہ) میں ’’پرتشدد جرم کے متاثرین‘‘ کے طور پر پیش کر سکیں۔ یو(U) ویزا اُن افراد کو دیا جاتا ہے جو کسی سنگین جرم کے متاثرین ہوں اور تفتیش میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔

تحقیقات کے مطابق ایک شخص مبینہ طور پر اسٹور میں داخل ہو کر اسلحہ دکھا کر کیش لوٹتا، جبکہ پورا واقعہ سی سی ٹی وی کیمروں میں ریکارڈ کیا جاتا تھا۔ اس کے بعد ’’متاثرین‘‘ چند منٹ انتظار کر کے پولیس کو اطلاع دیتے تھے۔ الزام ہے کہ اس ڈرامے میں حصہ لینے والے اسٹور مالکان اور ملازمین نے اس منصوبے کے بدلے رقم بھی ادا کی۔ اس کیس کی ابتدائی تفتیش میں مرکزی کردار رمبھائی پٹیل اور ڈرائیور بلوندر سنگھ کا تھا، جنہیں 2023 میں گرفتار کیا گیا اور 2025 میں سزا سنائی گئی۔ یہ موجودہ 10 ملزمان اسی نیٹ ورک سے منسلک بتائے جا رہے ہیں۔

اس تفتیش میں ایف بی آئی، یو ایس امیگریشن، سمیت متعدد وفاقی اور ریاستی اداروں نے تعاون کیا۔ اگر جرم ثابت ہو جاتا ہے تو ہر ملزم کو زیادہ سے زیادہ 5 سال قید، جرمانہ اور بعد ازاں ملک بدری کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ حکام کے مطابق یہ تمام الزامات ابتدائی نوعیت کے ہیں اور ملزمان کو عدالت میں ثابت ہونے تک بے گناہ تصور کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر09 صفحہ نمبر6

کے مطابق شفیہ مراد کا تعلق ہنزہ، گلگت بلتستان سے ہے اور وہ 28 مئی سے لاپتہ ہیں۔ انہوں نے کمیونٹی سے اپیل کی ہے کہ شفیہ کی تلاش میں پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کیا جائے۔ نسیم گلگتی نے بتایا کہ لاپتہ خاتون کی کزن نے گلگت سے رابطہ کر کے بھی کمیونٹی سے درخواست کی ہے کہ شفیہ کی بازیابی کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے۔

اورورا پولیس ڈیپارٹمنٹ (شکاگو) کے مطابق تفتیش کاروں کو شفیہ کی ایک تصویر حاصل ہوئی ہے جس میں وہ 28 مئی کو لاپتہ ہونے کے کچھ دیر بعد ایک بس میں سوار ہوتی دکھائی دے رہی ہیں۔ پولیس کے مطابق شفیہ کو دوپہر تقریباً ڈیڑھ بجے شکاگو پریمیم آؤٹ لیٹس کے قریب بس میں سوار ہوتے دیکھا گیا۔ بعد ازاں وہ بس سے اتریں اور شمال کی جانب پیدل جاتی ہوئی نظر آئیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ممکنہ طور پر وہ فارنس ورتھ ایونیو کے مشرقی حصے کی جانب بھی گئی ہوں۔

شفیہ مراد کا قد تقریباً پانچ فٹ، وزن 105 پاؤنڈز، بال سیاہ اور آنکھیں بھوری ہیں۔ آخری مرتبہ انہیں ہلکے سبز رنگ کی جیکٹ، نیلی جینز اور بھورے جوتے پہنے ہوئے دیکھا گیا تھا۔ پولیس نے یکم جون کو جاری کردہ تازہ اپ ڈیٹ میں بتایا ہے کہ شفیہ اب بھی لاپتہ ہیں اور اہل خانہ نے ان کے آخری لباس کی تصویر بھی فراہم کی ہے تاکہ عوام انہیں شناخت کرنے میں مدد کر سکیں۔

اورورا پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ اگر کسی کے پاس شفیہ مراد کے بارے میں کوئی معلومات ہوں تو وہ اطلاع دیں۔

بقیہ نمبر10 صفحہ نمبر6

واقع تھا، نے گزشتہ سال بروکلین میں جائیدادوں کی فروخت کے تین الگ الگ معاملات میں فروخت کنندگان کی نمائندگی کرتے ہوئے تقریباً 701,600 ڈالر اپنے مؤکلوں کو ادا کرنے کے بجائے اپنے قبضے میں رکھ لیے۔

فردِ جرم کے مطابق اپریل ہینڈ پر سیکنڈ ڈگری گرینڈ لارسنی (بڑی چوری) کی تین اور فرسٹ ڈگری فراڈ اسکیم کی ایک دفعہ کے تحت الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ انہیں بروکلین سپریم کورٹ میں پیش کیا گیا جہاں عدالت نے بغیر ضمانت کے رہائی دیتے ہوئے 12 اگست 2026 کو دوبارہ پیش ہونے کا حکم دیا۔

تحقیقات کے مطابق نومبر 2025 سے مئی 2026 کے دوران ملزمہ نے تین مختلف مؤکلوں کی جائیدادوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقوم میں سے بالترتیب 348,000، 177,500 اور 175,600 ڈالر مبینہ طور پر ہتھیا لیے۔ خریداروں کی جانب سے تمام رقوم قانونی کارروائی کے تحت ملزمہ کے ایسکرو اکاؤنٹ میں منتقل کی گئی تھیں، تاہم وہ رقم مؤکلوں تک نہیں پہنچائی گئی۔

ڈسٹرکٹ اٹارنی ایرک گونزالیز نے کہا کہ گھر کی خرید و فروخت اکثر لوگوں کی زندگی کا سب سے بڑا مالی لین دین ہوتا ہے اور انہیں یہ حق حاصل ہے کہ اس عمل میں شامل پیشہ ور افراد ان کے پیسے کی حفاظت کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر الزامات ثابت ہو گئے تو ملزمہ نے نہ صرف اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی خلاف ورزی کی بلکہ اپنے مؤکلوں کے اعتماد کو بھی ٹھیس پہنچائی۔ مقدمے کی مزید سماعت 12 اگست 2026 کو ہوگی۔

بقیہ نمبر11 صفحہ نمبر6

(انٹری) کی اجازت دینے کی بجائے ہولڈ کر لیا اور مبینہ طور پر انہیں بتایا گیا کہ ریکارڈ میں ظاہر ہونیوالی امیگریشن قوانین کی خلاف ورزی کی بنیاد پر ان کی امریکہ میں انٹری مسترد کی جاتی ہے اور انہیں پاکستان ڈیپورٹ کیا جائیگا۔

ذرائع کے مطابق ڈیپورٹ کئے جانیوالے صابر نامی پاکستانی کے موبائل فون سے ای میل کے ریکارڈ سے حکام کو معلوم ہوا کہ وہ اپنے پہلے دورہ امریکہ کے دوران جاب بھی کرتا رہا اور ای میل ریکارڈ میں اس کے جاب کے اوقات کار (شیڈول) ظاہر ہوا۔ لہٰذا سابقہ دورہ امریکہ کے دوران امیگریشن رولز کی خلاف ورزی کی بنیاد پر صابر نامی پاکستانی کو ڈیپورٹ کر دیا گیا۔

معلوم ہے کہ اٹلانٹا ایئرپورٹ سے ڈیپورٹ کئے جانیوالا پاکستانی واپس پاکستان پہنچ گیا ہے اور اس کے وزیٹر ویزے کو بھی امریکی حکام کی جانب سے منسوخ کر دیا گیا ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ وزٹ ویزہ جو کہ بالعموم بی ون، بی ٹو کیٹیگری میں جاری کیا جاتا ہے، کے تحت امریکہ وزٹ کرنے والے غیر ملکی افراد کو امریکہ میں قیام کے دوران جاب کی جازت نہیں ہوتی۔

بقیہ نمبر12 صفحہ نمبر6

ورلڈ کپ کے دوران لاکھوں بین الاقوامی شائقین شمالی امریکہ کا رخ کریں گے، جس سے سیاحت، ہوٹل انڈسٹری، ٹرانسپورٹ اور مقامی کاروباروں کو نمایاں معاشی فوائد حاصل ہونے کی توقع ہے۔ مختلف اندازوں کے مطابق اس ٹورنامنٹ سے شمالی امریکہ میں اربوں ڈالر کی معاشی سرگرمیاں پیدا ہوں گی، جبکہ میزبان شہروں میں سیکیورٹی اور انتظامی تیاریاں بھی اپنے عروج پر ہیں۔

اس وقت دنیا بھر کی نظریں اس وقت امریکہ اور دیگر میزبان ممالک پر مرکوز ہیں، جہاں کھیل، تجارت، سیاحت اور عالمی توجہ کا ایک غیر معمولی امتزاج دیکھنے کو ملے گا۔ یہاں قابل امر ذکر یہ ہے کہ فیفا میچز کے لئے ٹکٹیں حاصل کرنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔ ٹکٹوں کی قیمتیں آسمانوں سے باتیں کر رہی ہیں لیکن شائقین ہے کہ وہ کسی بھی قیمت پر شمالی امریکہ میں ہونیوالے فیفا میچ دیکھنا چاہتے ہیں اور ہر قیمت پر ٹکٹ خریدنے کے لئے تیار ہیں۔

امریکی ریاستوں نیویارک اور نیوجرسی کی جانب سے بالخصوص، فیفا میچوں کے دوران عالمی وزیٹرز اور شائقین کی بڑی تعداد کے آمد کے پیش نظر خصوصی انتظامات کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر13 صفحہ نمبر6

والے بھارتی امیگرنٹس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

کلنور سنگھ، وفاقی اداروں نے ملزم کو حراست میں لے کر ’ڈیلانی ہال‘ منتقل کر دیا ہے۔ ملزم کے کریمنل ریکارڈ کے مطابق وہ منشیات کی اسمگلنگ، منشیات رکھنے، منی لانڈرنگ اور امن عامہ میں خلل ڈالنے جیسے سنگین جرائم میں ملوث پایا گیا ہے۔

پرمندر پال سنگھ: لاس اینجلس میں امیگریشن حکام نے طویل مجرمانہ ریکارڈ کے حامل 26 سالہ بھارتی شہری پرمندر پال سنگھ کو گرفتار کر لیا ہے۔ یو ایس امیگریشن (ICE) کے مطابق ملزم اس وقت امیگریشن حکام کی تحویل میں ہے اور اسے امریکہ سے بے دخل کرنے کی کارروائی شروع کی جا رہی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ملزم کی مجرمانہ تاریخ میں گاڑیوں کی چوری، بڑی چوری، غیر قانونی تجاوزات اور املاک کو نقصان پہنچانے جیسے جرائم شامل ہیں۔

نودیپ کمار: بوسٹن میں یو ایس امیگریشن حکام نے میساچوسٹس کے علاقے سلیم میں ایک ٹارگٹڈ آپریشن کے دوران غیر قانونی طور پر مقیم بھارتی شہری نودیپ کمار کو گرفتار کیا۔ ملزم کے خلاف اقدام قتل، خطرناک ہتھیار سے حملہ کرنے اور زدوکوب کرنے جیسے انتہائی سنگین مقدمات زیر التوا ہیں۔ امیگریشن حکام کا کہنا ہے کہ امریکی شہریوں کے تحفظ اور ملکی قوانین کی بالادستی کے لیے سنگین جرائم میں ملوث اور غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف یہ آپریشنز مستقبل میں بھی جاری رہیں

GRAND
OPENING
OF
FOOD STREET
AT HICKSVILLE, NEW YORK
GREAT FOOD
GREAT VIBES
GREAT COMMUNITY
DELICIOUS CUISINES
FAMILY FRIENDLY
SHOP, EAT & ENJOY

مچھروں کے خاتمے کیلئے گوگل کا ’32 ملین موسکیٹو آرمی‘ چھوڑنے کا منصوبہ

ماہرین کے مطابق صرف مادہ مچھر ہی کاٹتی ہیں اس لیے لیباٹری میں تیار کیے گئے

اسلام آباد (اردو نیوز) امریکی ٹیکنالوجی کمپنی گوگل نے مچھروں سے پھیلنے والی بیماریوں پر قابو پانے کے لیے 2 سال کے دوران 32 ملین لیباٹری میں تیار کیے گئے نر مچھر چھوڑنے کی تجویز پیش کی ہے۔

یہ منصوبہ گوگل کے سائنسی پروگرام ’ڈی بگ‘ کے تحت تیار کیا گیا ہے جس کا مقصد بیماری پھیلانے والے مچھروں کی تعداد کم کرنا ہے۔ منصوبے کے مطابق نر مچھروں کو ایک مخصوص بیکٹیریا ’وولباکیا پیپینٹس‘ سے متاثر کیا جائے گا، ان نر مچھروں سے پیدا ہونے والے انڈے پھوٹیں گے نہیں جس سے وقت کے ساتھ مچھروں کی مجموعی آبادی کم ہو جائے گی۔ جینیاتی تبدیل شدہ دو ارب سے زائد ’مچھر‘ جلد ماحول میں چھوڑے جائیں گے کیگوگل کے ماہرین کے مطابق صرف مادہ مچھر ہی کاٹتی ہیں اس لیے لیباٹری میں تیار کیے گئے نر مچھروں سے انسانوں کو کاٹنے کا خطرہ نہیں بڑھے گا۔ گوگل نے امریکی ماحولیاتی تحفظ ایجنسی کو تجرباتی اجازت نامہ دینے کی درخواست دے دی ہے۔ منصوبے کے پہلے سال 16 ملین اور دوسرے سال مزید 16 ملین نر مچھر فلوریڈا اور کیلیفورنیا میں چھوڑے جائیں گے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق حشرات کی آبادی کم کرنے کے لیے جراثیم سے پاک کیڑوں کے استعمال کی یہ تکنیک نئی نہیں بلکہ ماضی میں بھی مختلف نقصان دہ مکھیوں اور زرعی آفات کے خلاف اس تکنیک کا استعمال کیا جا چکا ہے۔

کوینز میں ننکانہ آٹوز کا افتتاح

اوزون پارک، کوینز میں ننکانہ آٹوز کا شاندار افتتاح ہو گیا ہے۔ ننکانہ آٹوز ملک اسلم، ملک افتخار اور ملک غلام ربانی کی جانب سے قائم کی گئی ہے۔ ننکانہ آٹوز کی تقریب میں کمیونٹی کی اہم شخصیات اور ارکان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور ملک برادران کو نئے بزنس کے قیام پر مبارکباد دی

VOTE IN Your LANGUAGE!

ووٹنگ کے حقوق، زبان سے متعلق رسائی - اردو

نیو یارک سٹی میں ووٹرز کے حقوق اور زبان تک رسائی کے بارے میں جانیے، اردو زبان کی سہولت کے ساتھ!

تاریخ :14 جون
وقت : 10:30صبح
مقام : خان بابا
259-17 ہلسائیڈ ایوینیو،
کوئینز 11004

مفت ناشتہ فراہم کیا جائے گا

CEC NYC Civic Engagement Commission
VOTER LANGUAGE ASSISTANCE
ASIAN AMERICAN INSTITUTE FOR RESEARCH AND ENGAGEMENT

VOTE IN Your LANGUAGE!

Voting Rights and Language Access Workshop - Urdu

Learn about Voting Rights and Language Access in New York City with Urdu-Language Faciliation!

Date: June 14th
Time: 10:30AM
Location: Khan Baba
(259-17 Hillside Ave.,
Queens 11004)

Free Breakfast Provided

CEC NYC Civic Engagement Commission
VOTER LANGUAGE ASSISTANCE
ASIAN AMERICAN INSTITUTE FOR RESEARCH AND ENGAGEMENT

اردو نیوز
Urdu News USA

نیویارک: ڈاکٹر اعجاز احمد کا نائب وزیراعظم ووفاقی وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کے اعزاز میں استقبالیہ

معرکہ حق میں پاکستان دفاعی طاقت بن کر ابھرا

47 سال بعد امریکہ اور ایران کو مذاکرات کی میز پر بٹھایا

جلد G20 کا حصہ ہونگے

پاکستان نے ثالثی کا شاندار کردار ادا کر کے عالمی سطح پر ممتاز مقام حاصل کیا، معاشی محاذ پر بھی جیتیں گے، امریکہ اور ایران کو 47 سال بعد ایک میز پر بٹھانے والا پاکستان، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار

معرکہ حق اور حالیہ عالمی تنازعات میں پاکستان کے باوقار کردار کی وجہ سے دنیا بھر میں بسنے والے پاکستانیوں کا سر بھی فخر سے بلند ہوا ہے، عالمی قیادت پاکستان کے کردار کی معترف ہے، ڈاکٹر اعجاز احمد

پاکستان کی کامیاب سفارتکاری، صدر ٹرمپ سمیت عالمی قیادت کا اعتراف، ملک وقوم کی بڑی کامیابیاں ہیں، ڈاکٹر پرویز اقبال، ڈائریکٹر زاسد چوہدری، اٹارنی شاہد علی، روحیل ڈار اور سرور چوہدری

ارسل اعجاز کی جانب سے نائب وزیراعظم کو امریکہ میں پاکستانی سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن نیشنل کے فروغ اور پاکستانی امریکن سٹوڈنٹس کے باہمی روابط کو یقینی بنانے کے سلسلے میں کی جانیوالی کوششوں سے آگاہ کیا

پاکستان نے ثالثی کا شاندار کردار ادا کر کے عالمی سطح پر ممتاز مقام حاصل کیا، امریکہ اور ایران کو 47 سال بعد ایک میز پر بٹھانے والا پاکستان، معاشی محاذ پر بھی جیتیں گے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار

واشنگٹن میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد کا کہنا تھا کہ اوورسیز پاکستانی، ملک وقوم کا حقیقی معنوں میں سرمائیہ ہیں اور حالیہ دنوں اور مہینوں میں اوورسیز پاکستانیوں نے حقیقی معنوں میں ملک وقوم کے سفیر کا کردار ادا کیا جس پر جتنا بھی فخر کیا جائے کم ہے۔





نیویارک (اردو نیوز) پاکستان کے نائب وزیراعظم ووفاقی وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کہنا ہے کہ معرکہ حق کے دوران پاکستان دفاعی لحاظ سے مضبوط ملک بن کر ابھرا ہے، امریکہ اور ایران کو 47 سالوں میں پہلی بار مذاکرات کی میز پر بٹھا کر اور ایمانداری سے سہولت کار اور ثالث کا کردار اا کر کے، اقوام عالم میں پاکستان نے ممتاز مقام حاصل کیا ہے اور پاکستان کو معاشی چیلنجوں سے نبرد آزما ہوتے ہوئے معاشی محاذ پر بھی مستحکم معیشت بننا ہے اور انشاء اللہ ایسا ہوگا اور پاکستان آنیوالوں سالوں میں جی 20 ممالک کی فہرست میں شامل ہوگا۔ ان ملے جلے خیالات کا اظہار اسحاق ڈار نے پاکستانی امریکن کمیونٹی کی ممتاز شخصیت اور ''اے پی پیک'' تنظیم کے چیرمین ڈاکٹر اعجاز احمد کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب کے دوران کیا۔ استقبالیہ میں واشنگٹن میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ، اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد اور قونصل جنرل نیویارک عامر احمد زتوزئی سمیت پاکستانی امریکن کمیونٹی کی اہم شخصیات نے شرکت کی۔

اسحاق ڈار نے پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے عیدالفطر کی مبارکباد پیش کی اور تین بڑی خوشخبریاں دیں۔ انہوں نے پاکستان کی فوجی طاقت، سفارتی کامیابیوں اور معاشی صلاحیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک عظیم ملک ہے جس میں زبردست صلاحیت موجود ہے۔

نائب وزیراعظم نے کہا کہ رواں سال مئی میں پہلگام واقعے کے بعد بھارت کے ساتھ پیش آنے والے تنازع کی ایک سالہ سالگرہ منائی جا رہی ہے۔ انہوں نے ''معرکہ ےحق'' کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے ایک بڑے پڑوسی کے خلاف اپنی خودمختاری اور علاقائی سلمیت کا دفاع کیا۔ پاکستان جنگ نہیں چاہتا تھا مگر مجبور کیا گیا۔ پاک فضائیہ اور مسلح افواج نے فیلڈ مارشل کی قیادت میں بہترین کارکردگی دکھائی۔

اسحاق ڈار نے بتایا کہ 6 اور 7 مئی کی رات بھارتی طیاروں نے پاکستان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی، مگر پاک فضائیہ نے سخت ہدایات کے تحت محدود ردعمل دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے ڈرون حملے بھی کیے مگر پاکستان نے ذمہ دارانہ جواب دیا اور بھارت کو جنگ بندی کی پیشکش قبول کرنے پر مجبور کیا۔

اسحاق ڈار نے پاکستانی امریکن کمیونٹی کو یوم تکبیر کی سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان پرامن ملک ہے جو جیو اور جیو دو کی پالیسی پر یقین رکھتا ہے۔ بھارت کی ایٹمی دوڑ کی وجہ سے پاکستان کو ایٹمی طاقت بننا پڑا۔ اس سلسلے میں قومی اور عسکری قیادت کے کردار قابل تحسین ہیں۔

نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان دنیا کی 24 ویں بڑی معیشت بن چکا تھا مگر 2018 سے 2022 کے دوران، ملک کو سیاسی عدم استحکام کا شکار بنایا گیا۔ انہوں نے 2013 اور 2016 کے آئی ایم ایف پروگرام کی کامیابی، 6.3 فیصد شرح نمو، کم افراط زر اور زرمبادلہ ذخائر کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آنیوالے سالوں میں جی 20 تنظیم کا حصہ بننے کی طرف جا رہا ہے۔

اسحاق ڈار نے پاکستانی امریکن کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ پاکستان کے اثاثے ہیں۔ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولیں، زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کریں اور ملک کو زرمبادلہ بھیجیں۔

نائب وزیراعظم نے ایران اور علاقائی ممالک کے درمیان تنازع میں پاکستان کے ثالثی اور سہولت کاری کے کردار کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے جنگ بندی کروائی اور 47 سالوں کے بعد پہلی بار امریکہ اور ایران میں براہ راست بات چیت اور مذاکرات کی راہ ہموار کی۔ پاکستان بطور ثالث اپنا کردار ایمانداری سے ادا کر رہا ہے، فیصلہ فریقین کو کرنے ہیں۔

اسحاق ڈار نے واضح کیا کہ پاکستان کی پالیسی بالکل واضح ہے: جب تک فلسطین کو 1967 کی سرحدوں کے مطابق آزاد خودمختار ریاست کے طور پر تسلیم نہیں کیا جاتا (بیت المقدس شرقیہ دارالحکومت کے ساتھ)، پاکستان اسرائیل کو تسلیم نہیں کرے گا۔

قبل ازیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر اعجاز احمد نے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کو اپنی رہائشگاہ پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق اور حالیہ عالمی تنازعات میں پاکستان کے باوقار کردار کی وجہ سے پاکستان ہی نہیں بلکہ دنیا بھر میں بسنے والے پاکستانیوں کا سر بھی فخر سے بلند ہوا ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اوورسیز پاکستانی، پاکستان کی اقوام عالم میں کامیابیوں اور وطن عزیز کو دفاعی اور معاشی طور پر مضبوط بنانے کی کوششوں کو ہر لحاظ سے سپورٹ کریں گے۔

واشنگٹن میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد کا کہنا تھا کہ اوورسیز پاکستانی، ملک وقوم کا حقیقی معنوں میں سرمائیہ ہیں اور حالیہ دنوں اور مہینوں میں اوورسیز پاکستانیوں نے حقیقی معنوں میں ملک وقوم کے سفیر کا کردار ادا کیا جس پر جتنا بھی فخر کیا جائے کم ہے۔

''اے پی پیک'' تنظیم کے صدر ڈاکٹر پرویز اقبال، ڈائریکٹر زاسد چوہدری، اٹارنی شاہد علی، اہم کمیونٹی سیاسی قائدین روحیل ڈار اور سرور چوہدری کی جانب سے بھی اقوام عالم میں پاکستان کی کامیاب سفارتکاری، صدر ٹرمپ سمیت عالمی قیادت کے اعتراف کو ملک وقوم کی بڑی کامیابیاں قرار دیا گیا اور کہا گیا کہ اوورسیز کمیونٹی پاکستان کی ترقی و کامیابی کے سفر میں قدم بہ قدم ساتھ ہوگی۔

ارسل اعجاز کی جانب سے نائب وزیراعظم کو امریکہ میں پاکستانی امریکن سٹوڈنٹس کی نمائندہ تنظیم پاکستانی سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن نیشنل کے فروغ اور پاکستانی امریکن سٹوڈنٹس کے ملکیر سطح پر باہمی روابط کو یقینی بنانے کے سلسلے میں کی جانیوالی کوششوں سے آگاہ کیا۔

****